**27.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ آسیہ میمونہ

**Music**

--------------------------------

☆ بھارت اور یوروپی یونین نے تاریخی آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط کیے ہیں۔ طرفین نے یہ کہتے ہوئے اِس معاہدے کو اب تک کا سب سے بڑا سمجھوتہ قرار دیا ہے کہ اِس سے ٹیکسٹائل اور فُٹ ویئر پر مشتمل بھارتی سامان کو یوروپی بازاروں تک رسائی حاصل ہوگی۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اِس معاہدے سے عالمی اتھل پُتھل کے درمیان روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، عالمی سپلائی چین مستحکم ہوگی اور عالمی نظام کو استحکام حاصل ہوگا۔

☆ یوروپی یونین کی سربراہ **Ursula von Der Leyen** نے زور دے کر کہا ہے کہ ایسے وقت میں جب عالمی تجارت میں دباؤ کے ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں، بھارت-یوروپ تعلقات سے کلیدی انحصار کم ہوگا۔

☆ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کل سے شروع ہو رہا ہے۔ حکومت نے کُل جماعتی میٹنگ میں سبھی سے تعاون کی اپیل کی ہے۔

☆ مرکز نے یقین دہانی کرائی ہے کہ ذات پر مبنی بھید بھاؤ سے نمٹنے کیلئے **UGC** کے رہنما خطوط کا غلط استعمال نہیں کیا جائے گا۔

☆ اور **Under-19** کرکٹ عالمی کپ میں **Bulawayo** میں سُپر-6 مقابلے میں بھارت نے میزبان زمبابوے کو **204** رن سے ہرا دیا۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**PM EU Talks**

بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آج تاریخی آزاد تجارتی معاہدہ، **FTA** طے پایا۔ نئی دلّی میں وزیر اعظم نریندر مودی، یوروپی کونسل کے صدر اینٹونیو کوسٹا اور یوروپی کمیشن کی صدر **Ursula von der Leyen** کے درمیان بھارت-**EU** سمٹ کے بعد یہ معاہدہ ہوا۔ یہ تجارتی معاہدہ، جسے طرفین نے اب تک کا سب سے بڑا سمجھوتہ قرار دیا، ٹیکسٹائل اور فٹ ویئر پر مشتمل بھارتی سامان کی یوروپی بازاروں تک رسائی کو ممکن بنائے گا۔ اِس کے ساتھ ہی یہ ڈیوٹی کم کرکے در آمد کی جانے والی

یوروپی اشیاء کو بھارت میں سستا بنائے گا۔

اِس کے علاوہ بھارت اور یوروپی یونین نے سکیورٹی، دفاعی شراکت داری، موبیلٹی، قدرتی آفات کے خطرے کے بندوبست اور گرین ہائیڈروجن کے شعبوں میں مختلف سمجھوتوں کے تبادلے کا بھی سمجھوتہ کیا۔

دونوں یوروپی رہنماؤں کے ساتھ بات چیت کے بعد ایک مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے کہا کہ بھارت اور 27 ملکوں پر مشتمل یوروپی یونین کے درمیان اب تک کے سب سے بڑے آزاد تجارتی معاہدے پر دستخط سے اقتصادی تعلقات مستحکم ہوں گے، روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے، عالمی سپلائی چین مستحکم ہوگی اور ایک خوشحال مستقبل کیلئے دونوں ملکوں کے درمیان شراکت داری مضبوط ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ سمجھوتے سے کسانوں اور MSMEz کو بھی فائدہ ہوگا۔

**S/B: PM Modi on Blue Print**

وزیر اعظم مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور EU کے درمیان سکیورٹی اور دفاعی شراکت داری سے انسداد دہشت گردی، بحری سلامتی اور سائبر سکیورٹی کے سلسلے میں اشتراک مضبوط ہوگا۔

انہوں نے خاص طور سے اِس بات کو کہا کہ جاری عالمی اتھل پتھل کے درمیان بھارت-EU تعلقات، عالمی نظام کو استحکام فراہم کریں گے۔

**S/B: PM Modi on Terrorism**

یوروپی کونسل کے صدر اینٹونیو کوسٹا نے اپنے بیان میں کہا کہ آج کی سربراہ ملاقات سے دنیا کو یہ واضح پیغام جاتا ہے کہ بھارت اور EU، ایک ایسے وقت میں کلیدی اور قابل بھروسہ شراکت دار کے طور پر کھڑے ہیں کہ جب عالمی نظام کو نئے سرے سے تشکیل دیا جا رہا ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے EU کی سربراہ Ursula von der Leyen نے کہا کہ بھارت اور EU کے درمیان FTA سے، بھارت اور یوروپی یونین میں لاکھوں ورکروں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔

انہوں نے اِس بات پر زور دیا کہ ایک ایسے وقت میں جب عالمی تجارت میں دباؤ کے ہتھکنڈے استعمال کیے جا رہے ہیں، بھارت-یوروپ تعلقات سے کلیدی انحصار کم ہوگا۔

بعد میں سوشل میڈیا پر سلسلے وار پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ بھارت-EU آزاد تجارتی معاہدے کا طے پانا، دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں ایک سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔

وزیر اعظم مودی نے آج دوپہر دلّی میں EU کی سربراہ کے ساتھ بھارت-EU کاروباری فورم کی بھی صدارت کی۔

اِس فورم میں دونوں ملکوں کے صنعت کار یکجا ہوئے تھے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ EU میں بھارتی سرمایہ کاری تقریباً 40 ارب یورو تک پہنچ گئی ہے۔

انہوں نے کہا کہ بھارت اور یوروپی یونین کے درمیان آزاد تجارتی معاہدے سے مزدوروں پر مبنی بھارتی سامان کو یوروپی یونین کے بازاروں تک آسانی سے رسائی حاصل ہوگی۔

**S/B: PM Modi - EU Business Forum**

آج شام نئی دلّی میں میڈیا کو تفصیل بتاتے ہوئے کامرس اور تجارت کے وزیر پیوش گوئل نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت اور EU کے درمیان تجارتی تعلقات میں 20 سال کے بعد ایک نئی توانائی پیدا ہوئی ہے۔ میڈیا سے بات کرتے

ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مِسری نے کہا کہ بھارت-EU سکیورٹی اور دفاعی شراکت داری سے انسدادِ دہشت گردی میں مدد ملے گی۔ ڈاکٹر ایس جے شنکر، راج ناتھ سنگھ، اشونی ویشنو اور JP نڈا سمیت مختلف مرکزی وزراء نے بھارت-EU آزاد تجارتی معاہدہ مکمل ہونے کی ستائش کی ہے۔×

**All Party Meeting**

حکومت نے پارلیمنٹ کے بجٹ اجلاس سے پہلے، آج سبھی سیاسی پارٹیوں کی میٹنگ طلب کی۔ پارلیمنٹ ہاؤس Annexe میں منعقد اِس میٹنگ کی صدارت وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کی۔ پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کَل سے شروع ہورہا ہے اور 1 فروری کو سال 27-2026 کا مرکزی بجٹ پیش کیا جائے گا۔ بجٹ اجلاس ایک درمیانی وقفے کے ساتھ 2 اپریل تک جاری رہے گا۔ میٹنگ کے بعد، میڈیا سے بات کرتے ہوئے پارلیمانی امور کے وزیر کرن رججو نے کہا کہ بجٹ اجلاس کے پہلے حصے میں صدر جمہوریہ کے خطاب پر شکریہ کی تحریک پر بحث ہوگی، جس کے بعد، دونوں ایوانوں میں بجٹ پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ جناب رججو نے اجلاس کے دوران، ایوان کا کام کاج حسب معمول چلنے دینے کی سبھی سیاسی پارٹیوں سے درخواست کی۔×

**Budget - Halwa Ceremony**

مرکزی بجٹ 27-2026 کی تیاری کے آخری مرحلے کی شروعات، آج نئی دلّی میں روایتی حلوہ تقریب سے ہوئی، جس میں مرکزی وزیرخزانہ نرملا سیتا رمن نے شرکت کی۔ مرکزی بجٹ ایک فروری کو پیش کیا جائے گا۔×

**Must Announcment - Issues Before Parliament**

پارلیمنٹ کا بجٹ اجلاس کَل سے شروع ہوگا۔ اجلاس سے پہلے، آکاشوانی کا خبروں کا شعبہ، ''Issues Before Parliament'' اور ''سنسد کے سَمکش مُدّے'' کے نام سے خصوصی مباحثے نشر کرے گا۔ ''Issues Before Parliament'' کو آکاشوانی FM Rainbow یا اضافی فریکوئنسیوں پر اور ''سنسد کے سَمکش مُدّے'' کو آکاشوانی FM GOLD یا اضافی فریکوئنسیوں پر رات ساڑھے نو بجے سے دس بجے تک سنا جاسکتا ہے۔ یہ پروگرام ہماری ویب سائٹ newsonair.gov.in اور ہمارے یوٹیوب چینل نیوز آن اے آئی آر آفیشیل پر بھی دستیاب ہوگا۔×

**Pradhan - UGC Regulation**

حکومت نے یقین دلایا ہے کہ یونیورسٹی گرانٹس کمیشن، UGC کے نئے رہنما خطوط کا مقصد Campus میں ذات پات پر مبنی تفریق سے نمٹنا ہے اور اِن کا غلط استعمال نہیں کیا جائے گا۔ وزیرتعلیم دھرمیندر پردھان نے آج میڈیا سے بات کرتے ہوئے کہا کہ یہ مرکز، ریاستی حکومتوں اور UGC کی ذمہ داری ہے کہ وہ اِس بات کو یقینی بنائیں کہ بھید بھاؤ کے نام پر اِس قانون کا بیجا استعمال نہ ہو۔ وزیرتعلیم نے مزید کہا کہ معاملہ سپریم کورٹ کے زیرنگرانی ہے اور آئین کے دائرے میں رہتے ہوئے ہی سبھی اقدامات کیے جائیں گے۔

**SB - Dharmendra Pradhan**

اِس سے پہلے، UGC نے 13 جنوری کو ایک ضابطہ جاری کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ اعلیٰ تعلیمی اداروں کو مساوی مواقع کے مراکز، مساوی کمیٹیاں اور شکایات کے ازالے کا نظام قائم کرنا ہوگا۔ ساتھ ہی ذات پات یا کسی اور طرح کی تفریق سے نمٹنے کیلئے 24 گھنٹے کام کرنے والی ہیلپ لائنیں شروع کرنی ہوں گی۔×

**Pragati Special Story**

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ کیلئے وزیر اعظم کے اہم پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ 2015 میں وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے اِسے شروع کیے جانے کے بعد سے PRAGATI نے بروقت قریبی نظر رکھ کر، اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں پر عمل درآمد کر کے اور وزیر اعظم کی طرف سے براہِ راست جائزے کے تحت عوامی شکایات کو دور کرنے کا اہل بنا کر حکمرانی کو یکسر تبدیل کیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی پر مبنی وفاقیت کی نظیر پیش کرتا ہے اور ایک سنگل ڈیجیٹل انٹرفیس پر مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو یکجا کرتا ہے۔

پچھلی ایک دہائی میں PRAGATI نے تیز فیصلے کرنے اور مسائل کو حل کرنے میں مدد دی ہے، جو اہم بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں میں تاخیر کا سبب بنتے ہیں اور جوابدہی کے ایک مضبوط کلچر کو فروغ دیتا ہے۔ آج اس خصوصی سیریز میں اترپردیش میں واقع قومی شاہراہ نمبر-دو کے چاکیری سے الہ آباد سیکشن کو 6-لین کیے جانے پر نظر ڈالیں گے۔
پیش ہے ایک رپورٹ

**V/C - Aman**

*اترپردیش میں پُرانی قومی شاہراہ نمبر-دو، جو اب قومی شاہراہ نمبر-19 ہوگئی ہے، کے چاکیری سے الہ آباد سیکشن کا 6-لین کیا جانا، دلّی-کولکاتہ، گولڈن Quadrilateral جیسی انتہائی اہم قومی ٹرانسپورٹ راہداری کی جدید کاری میں اہم سنگِ میل کی حیثیت رکھتا ہے۔ تقریباً 145 کلومیٹر طویل یہ پروجیکٹ بڑے صنعتی، تجارتی اور مذہبی مقامات کو جوڑتے ہوئے اہم شہروں سے ہوکر گزرتا ہے۔ اِس پروجیکٹ مارچ 2017 میں منظوری دی گئی تھی۔ تاہم یہ پروجیکٹ، نفاذ کے چیلنجوں، تحویلِ اراضی کی پیچیدگیوں اور سرکاری اجازت ناموں کا شکار ہوگیا تھا۔ اِس کے بعد، جولائی 2019 میں پرگتی میکانزم کے تحت، وزیر اعظم نریندر مودی کی صدارت میں پروجیکٹ کا جائزہ لیا گیا۔ اِس جائزے نے فیصلہ کن اور مقررہ وقت میں طے شدہ حل فراہم کیے، جس سے کام کی تکمیل کو نئی رفتار ملی۔*
*دلّی سے امن یادو کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی*

**Rajnath DRDO**

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ آپریشن سندور سے اِس بات کا اظہار ہوتا ہے کہ اندرون ملک تیار کردہ ساز و سامان سے بھارت کی کارروائی کرنے سے متعلق تیاری، مستحکم ہوئی ہے۔ وزیر موصوف آج نئی دلّی میں دفاعی تحقیق و ترقی کی

تنظیم DRDO کے سائنسدانوں کی عزت افزائی کی تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ DRDO کی ٹیکنالوجی کو مؤثر طور پر استعمال کیا گیا۔ جناب سنگھ نے مزید کہا کہ خود کفالت اب ایک قومی نظریہ بن گیا ہے اور DRDO، دفاعی شعبے میں تیزی سے یکسر تبدیلی کی عکاسی کرتی ہے۔ x

**Naidu Agreement**

برازیل کے بڑے ایرو اسپیس مینوفیکچرر Embraer اور Adani گروپ نے آج بھارتی علاقائی نقل و حمل ایئر کرافٹ ایکونظام کی ترقی کیلئے ایک معاہدے پر دستخط کئے ہیں۔ شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے معاہدے پر دستخط کئے جانے کی اس تقریب کی صدارت کی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں، وزیر موصوف نے کہا کہ علاقائی فضائی کنیکٹی وٹی کے ملک گیر سطح پر حل میں یہ معاہدے اہم کردار ادا کرے گا۔

جناب نائیڈو نے کہا کہ گھریلو کل پرزوں کی مینوفیکچرنگ، رکھ رکھاؤ اور مرمت سے متعلق خدمات سے ملک کے Make in India کے عزم کو مضبوط بنائیں گی۔ انھوں نے بتایا کہ اس معاہدے کو وزیر اعظم نریندر مودی کے ویژن مشن UDAN کی حمایت حاصل ہے۔×

**Punjab Naro Arms Module**

پنجاب پولیس نے آج امرتسر میں سرحد پار منشیات اور ہتھیاروں کی اسمگلنگ کرنے والے ایک گروہ کا انکشاف کرتے ہوئے اس کے چار کارندوں کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس گروہ کے قبضے سے 34 زندہ کارتوسوں کے ساتھ حساس نوعیت کی دو پستول، ایک اعشاریہ 5 کلوگرام ہیروئن اور تقریباً دو لاکھ روپے کی Drug Money ضبط کی گئی ہے۔

پولیس ذرائع نے کہا کہ ملزم شخص غیر ملکی اسمگلروں اور پاکستانی حمایت یافتہ اسمگلروں کے ساتھ سوشل میڈیا کے ذریعہ مسلسل رابطے میں تھا کہ کس طرح غیر قانون ہتھیاروں اور ہیروئن کا Consignment حاصل کرکے ریاستوں کے مختلف مقامات پر پہنچایا جائے۔×

**IMD Weather**

بھارتی محکمۂ موسمیات IMD نے دہلی، چنڈی گڑھ، ہریانہ اور پنجاب میں اگلے دو روز کے دوران شدید ٹھنڈ پڑنے کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمۂ موسمیات نے اتراکھنڈ بہار اور مشرقی اترپردیش میں گرج چمک کے ساتھ دھول بھری آندھی چلنے کی پیش گوئی کی ہے۔ مدھیہ پردیش اور چھتس گڑھ میں بھی کل اسی طرح کا موسم رہنے کا امکان ہے۔×

**US Winter Storm**

امریکہ میں شدید سرد طوفان اور برفباری کی وجہ سے مختلف ریاستوں میں 30 افراد کی جان چلی گئی ہے۔ حکام نے کہا

کہ ابھی مزید اموات کے بارے میں تحقیقات کی جارہی ہے۔ پورے جنوبی امریکہ میں آئے اس طوفان کی وجہ سے کئی علاقوں میں بجلی نہیں ہے۔ خاص طور پر Texas،Louisiana ، Mississippi اور Tennessee میں۔ 200 ملین سے زیادہ افراد شدید سردی کی زد میں ہیں اور موسم درجہ حرارت کے نئے ریکارڈز قائم کر رہا ہے۔×

**Rev. Cricket U-19 World Cup**

19 سال سے کم عمر کے مردوں کے کرکٹ عالمی کپ کے سُپر-6 مقابلے میں بھارت نے میزبان زمبابوے کو 204 رن سے ہرا دیا۔ یہ میچ Bulawayo میں کھیلا گیا۔

اِس سے قبل، بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ 50 اوورز میں 8 وکٹ کے نقصان پر 352 رن بنائے۔ جواب میں زمبابوے کی ٹیم 37 اوورز اور 4 گیندوں میں 148 رن بناکر آل آؤٹ ہوگئی۔

بھارت اب تک ٹورنامنٹ میں ناقابل شکست رہا ہے، جبکہ زمبابوے گروپ مرحلے میں دو شکست اور ایک بنا نتیجہ میچ کے ساتھ سُپر-6 مرحلے میں پہنچا ہے۔×

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆